بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

شعبہءاردو (خواتین کیمپس)

داخلہ ٹیسٹ- سمسٹر خزاں, ۲۰۱۴

بی۔ایس اردو

کل وقت: ایک گھنٹہ ۲۰ منٹ   **کل نمبر: ۶۰**

حصہ اول (معروضی)

نوٹ: درج ذیل سوالات کے سامنے مختصر جواب درج کریں اور ۲۰ منٹ بعد معروضی پرچہ واپس کردیں۔کاٹ کر دوبارہ لکھے گئے جواب کو غلط تصور کیا جائے گا۔ (۲۰)

سوال نمبر۱۔درست جوابات کی نشاندہی کریں۔ (۵ نمبر)

۱۔ جنگ آزادی کے دوران غالب کہاں رہائش پذیر رہے۔

۱۔لکھنو ۲۔دہلی ۳۔حیدرآباد

۲۔ مشہور افسانہ 'کفن' کس کی تحریر ہے؟

۱۔پریم چند ۲۔احمد ندیم قاسمی ۳۔سعادت حسن منٹو

۳۔ مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر کو جلاوطنی کے بعد کہاں بھیجا گیا؟

۱۔حیدرآباد ۲۔رنگون ۳۔دہلی

۴۔ خواجہ میر درد کی شاعری کا اہم موضوع کیا ہے؟

۱۔مزاح ۲۔تصوف ۳۔عشق

۵۔ 'ابن بطوطہ کے تعاقب میں' کس کی تصنیف ہے؟

۱۔ نسیم حجازی ۲۔مستنصر حسین تارڑ ۳۔ابنِ انشا

سوال نمبر۲۔علامتیں تحریر کیجیے۔ (۵ نمبر)

۱۔سوالیہ--------- ۳۔ندائیہ ---------- ۵۔علامتِ شعر-------------

۲۔علامتِ مصرع------- ۴۔علامتِ تخلص--------ص

سوال نمبر۳۔کالم الف کے سامنے کالم ب سے درست جواب چن کر لکھیں۔ (۵ نمبر)

خدا کا بندہ	مرکبِ توصیفی
وہ لڑکی	مرکبِ اضافی
آٹھ کتابیں	مرکبِ عطفی
صبح وشام	مرکبِ عددی
ٹھنڈا پانی	مرکبِ اشاری

سوال نمبر۴۔سابقے اور لاحقے سے ایک ایک الفاظ بنائیں۔ (۵ نمبر)

ان، خوب، طلب، گیر ، پرست

حصہ دوم (موضوعی)

وقت: ایک گھنٹہ **کل نمبر: ۴۰**

سوال نمبر۱: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **(۱۰ نمبر)**

۱۔ علامہ اقبال کی دو مشہور کتابوں کے نام تحریر کیجیے۔

۲۔ کوئی سے چار حروفِ تحسین لکھیے۔

۳۔ روزمرہ اور محاورہ کی ایک ایک مثال دیں۔

۴۔ مطلع کی تعریف کیجیے۔

۵۔ قافیہ اور ردیف کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر۴۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو بطورِ امدادی فعل جملوں میں استعمال کریں۔ **(۵ نمبر)**

جانا ، رہنا، دینا، چکنا، رکھنا

سوال نمبر۶۔ ضرب الامثال کے معانی لکھیے۔ **(۵ نمبر)**

۱۔ اونچی دکان پھیکا پکوان

۲۔ ایک انار سو بیمار

۳۔ یہ منہ اور مسور کی دال

۴۔ آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا

۵۔ الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے

سوال نمبر۸۔ مطابقت کے اصول کے مطابق جملے درست کریں۔ **(۵ نمبر)**

۱۔ اس نے گھوڑا گاڑی خریدے۔

۲۔ آپ کھانا کب کھاؤ گے۔

۳۔ ناکامی اور کامیابی اللہ کے ہاتھ میں ہیں۔

۴۔ امانت اور دیانت انسان کا وقار بڑھا دیتی ہے۔

۵۔ تعزیرات پاکستان چھپ گئیں۔

سوال نمبر۹۔ کنٹرولر امتحانات کے نام رزلٹ کی درستگی کے لئے درخواست لکھیے۔ **(۵ نمبر)**

یا

الفاظ کے مترادف تحریر کیجیے۔

رغبت، توکل، مدح، عدو، داستان

سوال نمبر۱۰۔ کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں۔ **(۱۰ نمبر)**

۱۔ دورِ حاضر میں اردو زبان کی اہمیت

۲۔ میرا پسندیدہ شاعر یا مصنف

۳۔ جدا ہو دین سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی